UNQA

ENGLISH GRAMMAR

Equally Important For Class 6th to M.A / M.Sc

AUTHOR. SALIH MUHAMMAD UNQA

Subject Specialist English G.H.S.S Kozpaw Shangla

UNQA

English Grammar

Equally Imortant for

Class 6^{th} to M.A/M.Sc

Author:

Salih Muhammad Unqa

Subject Specialist English GHSS Kozpaw Shangla

Dedicated to
The gods of Confidence

Knowledge is Helenly Beauty and it needs the broad support of god of wisdom and god of Confidence. Sometimes, This Helenly Beauty Favors the gods of degrée, documentations, credentials and the gods make the god of confidence throw an apple of discord between mind and knowledge. Hence The god of confidence snatches every creativity and continuity from mind. This we become Hollow and Shallow.

Therefore, I dedicate this scholarly work to "The gods of Confidence"

My Honoured, Reverened and respected Teachers.

Anayatullah (Lectrr at SBB University)
M.Phill (English) U.K (England)

Dr. M. Kamal Khan
(Associate Professor at A.I.O.U Islamabad).

I extend my Heartiest Thanks To

Hayatullah Kalewal
SST Maths GHSS Shahpur

Zakirullah
M.P.S & College Kozpaw

Ijaz ul Haq
Lamoti Gold Medalist

Irfanullah
Mainai Kozpaw

Bahram Khan Shehzada
Shopin, Swat

ختم نبوت ﷺ زندہ باد　　　　عظمت صحابہ زندہ باد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:

معزز ممبران: آپ کا وٹس ایپ گروپ ایڈمن "**اردو بکس**" آپ سے مخاطب ہے۔

آپ تمام ممبران سے گزارش ہے کہ:

- گروپ میں صرف PDF کتب پوسٹ کی جاتی ہیں لہذا کتب کے متعلق اپنے کمنٹس / ریویوز ضرور دیں۔ گروپ میں بغیر ایڈمن کی اجازت کے کسی بھی قسم کی (اسلامی وغیر اسلامی، اخلاقی، تحریری) پوسٹ کرنا سختی سے منع ہے۔
- گروپ میں معزز، پڑھے لکھے، سلجھے ہوئے ممبرز موجود ہیں اخلاقیات کی پابندی کریں اور گروپ رولز کو فالو کریں بصورت دیگر معزز ممبرز کی بہتری کی خاطر ریموو کر دیا جائے گا۔
- کوئی بھی ممبر کسی بھی ممبر کو انباکس میں میسیج، مس کال، کال نہیں کرے گا۔ رپورٹ پر فوری ریموو کرکے کاروائی عمل میں لائے جائے گی۔
- ہمارے کسی بھی گروپ میں سیاسی و فرقہ واریت کی بحث کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں ہے۔
- اگر کسی کو بھی گروپ کے متعلق کسی قسم کی شکایت یا تجویز کی صورت میں ایڈمن سے رابطہ کیجئے۔
- سب سے اہم بات:

گروپ میں کسی بھی قادیانی، مرزائی، احمدی، گستاخِ رسول، گستاخِ امہات المؤمنین، گستاخِ صحابہ و خلفائے راشدین حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی، حضرت علی المرتضیٰ، حضرت حسنین کریمین رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین، گستاخ اہلبیت یا ایسے غیر مسلم جو اسلام اور پاکستان کے خلاف پراپیگنڈا میں مصروف ہیں یا ان کے روحانی وذہنی سپورٹرز کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے لہذا ایسے اشخاص بالکل بھی گروپ جوائن کرنے کی زحمت نہ کریں۔ معلوم ہونے پر فوراً ریموو کر دیا جائے گا۔

- تمام کتب انٹرنیٹ سے تلاش / ڈاؤنلوڈ کر کے **فری آف کاسٹ** وٹس ایپ گروپ میں شیئر کی جاتی ہیں۔ جو کتاب نہیں ملتی اس کے لئے معذرت کر لی جاتی ہے۔ جس میں محنت بھی صَرف ہوتی ہے لیکن ہمیں آپ سے صرف دعاؤں کی درخواست ہے۔
- عمران سیریز کے شوقین کیلئے علیحدہ سے عمران سیریز گروپ موجود ہے۔
- **لیڈیز کے لئے الگ گروپ کی سہولت موجود ہے جس کے لئے ویریفکیشن ضروری ہے۔**
- اردو کتب / عمران سیریز یا سٹڈی گروپ میں ایڈ ہونے کے لئے ایڈمن سے وٹس ایپ پر بذریعہ میسیج رابطہ کریں اور جواب کا انتظار فرمائیں۔ برائے مہربانی اخلاقیات کا خیال رکھتے ہوئے موبائل پر کال یا ایم ایس کرنے کی کوشش ہر گز نہ کریں۔ ورنہ گروپس سے تو ریموو کیا ہی جائے گا بلاک بھی کیا جائے گا۔

نوٹ: ہمارے کسی گروپ کی کوئی فیس نہیں ہے۔ سب فی سبیل اللہ ہے

0306-7163117	0343-7008883	0333-8033313
محمد سلمان سلیم	پاکستان زندہ باد	راؤ ایاز

پاکستان زندہ باد　　　　پاکستان پائندہ باد

اللہ تبارک تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو

دیباچہ

یہ کتاب جس غرض کے تحت لکھی گئی ہے۔اس غرض سے آشنا ہونے کیلئے آپ کو گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول کوز پاو کے چوکیدار انور زیب کی تجویز کو پڑھنا پڑیگا۔ جو تجویز اس نے مجھے کتاب لکھنے سے پہلے دی تھی۔ میں نے اس کے مشورے کو نظر انداز اس لئے نہیں کیا، کہ وہ اس تعلیمی معاشرے (کالج) کا ایک چوکیدار ہے جو نہ صرف بچوں اور سٹاف ممبرز، سیکورٹی گارڈ بلکہ ان کی باتوں کو بھی وہ سنتا ہے جو وہ سبق یا کتاب میں مشکل اور اسان کرتے ہیں۔ جیسے انور زیب کا خیال ہے کہ کتاب سمجھنے میں مشکل ہے اس لئے ٹیچرز سبق پڑھانے کے لئے جو کچھ آسان حالت میں لکھتے ہیں۔ وہ نوٹس ہوتے ہیں۔اسی سوچ کے تحت انور زیب نے مجھے تجویز دی۔ تم کتاب لکھ رہے ہو۔ یہ بہت اچھی بات ہے۔ ہر کوئی کتاب نہین لکھ سکتا۔ لیکن کتاب کے ساتھ ساتھ اسی کتاب میں سبق کے ساتھ نوٹس بھی لکھو تا کہ طالب علموں کو سمجھ میں آئے۔ ''نوٹس'' والا خیال مجھے اتنا اچھا لگا کہ میں نے اس سے کہا کہ میں ایسی کتاب لکھنے جا رہا ہوں جو کتاب بھی ہے اور نوٹس بھی۔ میں نے جہاں تک انگریزی میں لکھنے اور بولنے والوں کو دیکھا، پڑھا اور سُنا وہ سب سے بڑی غلطیاں Blunders انگریزی زبان میں Part of Speech میں کرتے ہیں۔اس لئے میں نے Part of Speech کو چُنا اور اس پہ ایسی کتاب لکھی جو نوٹس کا کام دیتی ہے۔

The Parts of Speech

(1)NOUN(اسم):

The name of a person, place, thing or an idea is called noun.

Examples:

Sobia, teacher, market, truth, honesty, Kalam etc.

Kinds of Noun:

There are five kinds of noun.-اسم کی پانچ قسمیں ہیں

(i)Common Noun (اسم نکرہ)

کسی عام جگہ، شخص یا چیز کے نام کو اسم نکرہ کہتے ہیں۔

The name of a common place, person or thing is called common noun.

Examples:

Boy , flower , city etc.

(ii)Proper Noun (اسم معرفہ)

کسی خاص جگہ، شخص یا چیز کے نام کو اسم معرفہ کہتے ہیں۔

The name of a proper place, person or thing is called proper noun.

Examples:

Aslam , Bilal , Peshawar , Lahore etc.

(iii) Abstract Noun (اسم مجرد)

کسی ایسی خاصیت، کیفیت یا حالت کا نام جس کا جسمانی احساس سے کوئی تعلق نہیں، اسم مجرد کہلاتا ہے۔

The name of a quality, condition , or state not associated with physical sense is called Abstract Noun.

Examples:

Beauty, Courage , fear , hatred, honesty , truth , poverty etc.

(iv)Collective Noun (اسم جمع)

کسی ایک جماعت یا ایک جیسے اشخاص یا چیزوں کا مجموعہ جنکو ایک وحدت کے طور پر سمجھا جاتا ہے، اسم جمع کہلاتا ہے۔

The name of a group or a collection of similar persons or things understood as a whole is called collective noun.

Examples:

Class , crowd , swarm(بھیڑ، جھنڈ), team , army, nation etc.

(v)Material Noun (اسم جنس)

کسی مادے یا مال کا نام جس سے چیزیں بنتی ہیں، اسم جنس کہلاتا ہے۔

The name of material, matter or substance out of which things are made is called Material Noun.

Examples:

Gold , milk , rice , water , iron etc.

Correct Use of Nouns:

Noun(اسم) کو مندرجہ ذیل طریقوں سے صحیح استعمال کیا جاتا ہے، بصورت دیگر گرامر کی غلطی تصور کی جاتی ہے۔

1) کچھ Noun(اسم) دیکھنے میں Plural معلوم ہوتے ہیں لیکن حقیقت یہ ہوتی ہے کہ وہ Plural نہیں ہوتے بلکہ Singular ہوتے ہیں۔ اور ٹھیک/درست یہ ہے کہ Singular Noun کے ساتھ Verb بھی Singular استعمال کیا جاتا ہے۔

مثلاً: Mathematics(ریاضی)، Linguistics(زبان دانی)، Summons(بلاوا)، News(خبر)، Innings(باری)، Gallows (پھانسی کا پھندا)، Politics(سیاست)، Economics، Hysterics، Ethlics، Measles، Mumps، Rickets، Billiards، Tidings۔

Examples:

- Mathematics is a tough subject.
- Politics is his dream.
- Measles is a harsh disease.
- "Billiards" was favorite game of Quaid-e-Azam.
- The first Innings was over.

2) بعض Nouns ایسے ہیں جن کے ساتھ اگر s یا es لگایا جائے تو وہ واحد سے جمع نہیں ہوتے بلکہ معنی بدل لیتے ہیں۔

جیسے Fruit کا معنی میوہ ہے جبکہ Fruits نتیجہ/ثمرات کو کہا جاتا ہے۔ Work کے معنی کام اور Works ادبی تصنیف کو کہتے ہیں۔

Wage کے معنی ہے لڑنا یا جاری رکھنا یا صلہ جبکہ Wages کا معنی ہے "دیہاڑی/اُجرت"

Pain کا مطلب ہے درد اور Pains کی معنی ہے تکلیف۔

اب ایسے Nouns جن کے ساتھ s یا es نہیں ہوتا Singular ہوتے ہیں اور اُن کے Plural، s یا es لگانے سے نہیں بنتے۔

جبکہ Nouns جن کے ساتھ s یا es آتے ہیں اُن کے Plural نہیں بنتے بلکہ وہ ہمیشہ Plural ہوتے ہیں۔

Examples:

- The "Wages" were paid to the labour.
- The "Wage" of love is loss.
- He took "pains" in writing the book.
- He felt "pain" in his back.

3) بعض Nouns واحد دکھائی دیتے ہیں۔ جبکہ وہ واحد نہیں ہوتے بلکہ جمع ہوتے ہیں اسلئے verb بھی ان کے ساتھ جمع استعمال کیا جاتا ہے۔

i) بعض Collective nouns ہمیشہ جمع ہوتے ہیں جیسے

Vermin(کیڑے مکوڑے), Public (عوام) , People, Cattle , Police , Offspring(اولاد) , Swine(خنزیر), Poultry(مرغی خانہ)

Examples:

- Police are investigating the case.
- The public were silent on the hiking rates.
- The cattle are grazing in the fields.

ii) وہ گارمنٹس جو دو حصوں پر مشتمل ہوتے ہیں، وہ بھی جمع ہوتے ہیں، اور اُن کے ساتھ بھی plural verb لگایا جاتا ہے۔ جیسے
Pajamas, trousers, pants , beeches , jeans , socks, gloves, shorts etc.

iii) وہ tools /instruments جو دو حصوں پر مشتمل ہوتے ہیں، وہ بھی جمع ہوتے ہیں، اور اُن کے ساتھ بھی plural verb لگایا جاتا ہے۔ جیسے
Spectacles, scissors, pliers, shears, scales, glasses etc.

iv) بعض ایسے دوسرے الفاظ بھی ہیں جو ہمیشہ جمع استعمال ہوتے ہیں۔ جیسے
Arms, weapons, particulars, damages, premises, savings, goods, orders, ashes, circumstances, tidings, belongings, surroundings, alms, embers, drugs, stairs, means, intestines, bowels, valuables, outskirts, greens, grounds, spirits(alcohol), riches, earnings, thanks, vegetables.

4) بعض Noun کے ساتھ اگر عددی قیمت ہو وہ واحد کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ اور اگر اُن کے ساتھ عددی قیمت نہ ہو تو جمع کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ جیسے
Foot, score, million, ten, hundred, thousand, yoke, head, brace, head, stone etc.

Examples:

- I sold hundred (عددی قیمت) brace of pigeons.
- "Hundreds" of brace of pigeons are sold.
- Ten "Thousand" is quite a high amount.
- "Thousands" of people have attended the meeting.
- Two "score" years is the average age.
- The "scores" of years have been spent by him.

5) Proper Noun, Material Noun اور Abstract Noun کو Collective Noun کے طور پر استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ اُن کے ساتھ s یا es بھی نہیں لگایا جا سکتا۔ اور مزید یہ کہ کوئی Article (a, an, the) بھی اُن سے پہلے نہیں لگائے جا سکتے ہیں۔

i) مثلاً: "Peshawar" Proper Noun ہے۔ نہ Peshawar اسم جمع ہے اور نہ اس کے ساتھ s یا es لگایا جاتا ہے اور نہ اُس سے پہلے کوئی article استعمال کیا جا سکتا ہے۔

ii) Cotton, Silver, Gold, Rice "Material Nouns" ہیں۔ اُن کے ساتھ نہ s یا es لگایا جاتا ہے اور نہ اُس سے پہلے کوئی article استعمال کیا جا سکتا ہے۔

iii) "Truth, honesty, Beauty" "Abstract Nouns" ہیں۔ نہ اُن کا Plural بنتا ہے اور نہ اُن سے پہلے کوئی article استعمال ہوتا ہے۔

6) بعض Abstract Noun سے پہلے a, an لگایا جا سکتا ہے مگر الگ Sense دینے کے لئے۔

Examples:

- A good teacher is "a" great help.
- A good idea would be "a" help.
- He has "a" good knowledge of statistics.
- He had "a" love of music.
- She had "a" hatred of mischief.
- It is "a" shame, you scorned at him.
- It would be "a" pity to pardon him.

7) وہ Compound Noun جو کسے خاص تول، ناپ، لمبائی یا رقم کیلئے استعمال کیا جاتا ہے، اُسے s یا es لگا کر جمع نہیں بنایا جا سکتا۔ مثلاً

i) A ten-rupee note (ٹھیک) A ten-rupees note (غلط)

ii) A twelve-year old girl.(ٹھیک) A twelve-years old (غلط)

iii) A hundred-foot long pipe. (ٹھیک) A hundred-feet long pipe. (غلط)

iv) A ten-kilometer distance. (ٹھیک) A Ten-kilometers distance. (غلط)

8) Uncountable Nouns ہمیشہ Singular ہوتے ہیں اور اُن سے پہلے s یا es نہیں لگایا جاتا۔

Examples:

Sand , information, experience, advice, trouble , oil, glass, paper, water, jam, tea, rubbish, weather, baggage, luggage, hair, death, work, mercy, wood, wine, soap, hope etc.

وہ Nouns جو واحد ہوتے ہیں اُن کے Plurals بھی مندرجہ ذیل طریقوں سے بنتے ہیں۔

S.No	Singular	Plural
1	News	A bit of news/ items of news
2	Trouble	A great deal of trouble
3	Advice	Pieces of advice
4	Abuse	Words of abuse
5	Mischief	Acts of mischief
6	Sand	Grains of sand
7	Poetry	A work/pieces of poetry
8	Alphabet	Letters of alphabet
9	Bread	Loaves of bread
10	Furniture	Articles of furniture
11	Information	Items of information

9) اگر دو یا دو سے زیادہ Nouns کو And سے ملایا جائے تو جمع استعمال ہوتے ہیں کیوں کہ دو یا دو سے زیادہ اشخاص یا چیزوں کی بات ہوتی ہے۔ لیکن a, an, the درمیان میں استعمال کیا جائے گا۔

Examples:

- He and I "are" working together.
- A man and a woman "are" taking tea.

لیکن اگر اسماء کے درمیان (a, an ,the) Articles نہ آئے حالانکہ and سے ملائے گئے ہوں، تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ دونوں اسم ایک شخص یا چیز کیلئے استعمال کئے گئے ہیں۔ مثلاً

Example 1:

The writer and philosopher "is" genius.

یہاں اس جملے میں writer اور philosopher کے درمیان کوئی Article استعمال نہیں ہوا ہے۔ اسلئے writer اور philosopher ایک بندے / شخص کیلئے دو صفتیں / نام استعمال ہوئے ہیں۔ اور اسلئے ہم نے "is" استعمال کیا ہے۔ جیسے "is" genius.

Example 2:

Slow and steady "wins" the race.

یہاں ہم نے "wins" استعمال کیا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ steady اور Slow ایک شخص کیلئے اسنعمال ہوئے ہیں۔

یعنی وہ بندہ جو Slow بھی ہو اور steady بھی ہو، دوڑ جیتتا ہے۔

لیکن اگر ہم A slow and a steady لگائے تو پھر slow کوئی اور بندہ ہے اور steady کوئی اور بندہ ہے۔

پس ایسی حالت میں Plural verb یعنی "win" استعمال کریں گے۔

10) Every, Each, None, any, Neither, either واحد ہیں اور اگر یہ Subject کے طور پر آجائیں تو اس کے بعد verb اور Helping verb بھی واحد استعمال ہوں گے۔

Either کا معنی ہے دونوں میں سے کوئی ایک (یعنی either واحد ہے)

Neither کا معنی ہے دونوں میں سے کوئی نہیں،

any کا معنی ہے کوئی بھی

None کا معنی ہے کوئی بھی نہیں۔

Each اور Every کا معنی ہے ہر ایک۔

Examples:

- Either of the two girls "was" speaking nonsense.
- None of the twenty students "was" satisfied.

11) جب کسی فقرے کو either-or, neither-nor، not only- but also سے ملایا جائے تو verb دوسرے subject کے مطابق لگایا جائے گا

Examples:

- Either you or I am wrong.
- Neither Sobia nor her friends were busy.
- Not only Unqa but also his teachers were hardworking.

یعنی پہلے جملے میں You پہلا Subject ہے اور دوسرا Subject I ہے، اسلئے ہم نے "am" لگایا جو دوسرے Subject یعنی I کے مطابق ہے۔

اسی طرح دوسرے جملے میں Sobia پہلا Subject ہے اور her friends دوسرا Subject ہے، اور ہم نے her friends کے مطابق "were" یعنی Plural verb استعمال کیا۔

12) جب دو Subjects کو and not, یا As well as , with, along with سے ملائیں جائیں تو helping verb اور verb پہلے subject کے مطابق استعمال ہوں گے۔

Examples:

- He as well as I "is" playing cricket.
- Salman "is" going abroad along with his friends.
- Salma and not her classmates "is" intelligent.

PRONOUNS (اسم ضمیر)

اسم ضمیر وہ لفظ ہوتا ہے جو جملے میں Noun کی جگہ استعمال ہو، تاکہ نام کو بار بار دہرانے سے بچا جا سکے۔

Pronoun is a word which is used instead of noun to avoid repetition of noun.

Examples:

- Asghar is a good boy. Asghar "He" reads in class 8th.
- "His" (Asghar) 's father is a farmer.

- I want to help (Asghar) "him".

ہم نے اس جملوں میں بار بار Asghar کا نام استعمال کیا جو بہت برا لگتا ہے۔

اگر ہم اصغر نام کی جگہ He, His یا Him استعمال کریں، جیسا کہ ہم نے اوپر جملوں میں استعمال کئے ہیں تو اصغر کا نام بار بار لینے سے ہم بچ جائیں گے۔ اور کلام میں کشش اور اصلاح آئے گی۔

پس ہم کہہ سکتے ہیں کہ He, His یا Him اسم یعنی اصغر کی جگہ آ گئے اس لئے ہم He, His یا Him کو Pronoun کہتے ہیں۔

Kinds of Pronoun:

There are nine kinds of pronoun.

1. Personal Pronoun (ضمیر شخصی)
2. Demonstrative Pronoun (ضمیر اشارہ)
3. Reflexive Pronoun (ضمیر معکوس)
4. Relative Pronoun (ضمیر موصولہ)
5. Interrogative Pronoun (ضمیر استفہامیہ)
6. Distributive Pronoun (ضمیر تقسیمی)
7. Emphatic Pronoun (ضمیر تاکیدی)
8. Indefinite Pronoun (ضمیر تنکیری)
9. Reciprocal Pronoun (ضمیر تفاعلی)

Personal Pronoun (ضمیر شخصی)

(ضمیر شخصی) Personal Pronoun کے تین قسم ہیں۔

i)First Person Pronoun:

جو شخص گفتگو/بات کرتا ہے وہ First Person ہوتا ہے جیسے

I, my, me We , our, us

ii)Second Person Pronoun:

جو بات سنتا ہے اُسے Second Person Pronoun کہا جاتا ہے جیسے

You , your , you

iii)Third Person Pronoun:

جس شخص یا چیز کے بارے میں بات کی جاتی ہے جبکہ اُسے ڈائریکٹ بات نہیں کی جاتی Third Person Pronoun کہلاتا ہے جیسے

He , his , him She, her, her
They, their, them It , its , it

Cases of Personal Pronoun:

ضمیر شخصی کی تین حالتیں ہیں۔یعنی Personal Pronoun تین حالتوں میں آتا ہے۔

There are three cases of personal pronoun.

i)Subjective Case:

جب Personal pronoun ,Subject کے طور پر آجائے تو اسے Subjective Pronoun کہتے ہیں۔

Examples:

I work hard.
She loves reading books.
He writes letter.

مندرجہ بالا فقروں میں "I اور He ,She" تینوں Subject ہیں۔اور چونکہ Pronouns بھی ہیں تو اسی لئے Subjective Pronoun کہلاتے ہیں۔

I, we ,you, they, he, she, It سب Subjective pronoun کے طور پر آسکتے ہیں۔

ii)Possessive Case:

وہ Pronouns جو کسی چیز یا شخص کی ملکیت ظاہر کرنے کیلئے استعمال ہوں، Possessive pronoun کہا جاتا ہے۔ جیسے

My, his, Her, you , their, its, our, hers, theirs, yours, ours, mine.

Examples:

- My College
- Your Lover
- Her book
- Our home

ان جملوں میں کالج میری ملکیت ہے۔عاشق آپ کی/تمھاری ملکیت ہے۔کتاب اُس کی ملکیت کے طور پر ظاہر کیا گیا ہے۔اور آخری فقرے میں گھر ہماری ملکیت ہے۔

یعنی My, Your, Her, Our ملکیت ظاہر کرتے ہیں۔اور اسم ضمیر بھی ہیں۔اسلئے Possessive Pronoun کہلاتے ہیں۔

Possessive Pronoun بھی دو قسم کے ہیں۔

i) وہ Possessive Pronoun جس کے بعد کوئی Noun موجود ہوگا۔ مثلاً

Their friends, My School, Our teacher etc.

ii) وہ Possessive Pronoun جس کے بعد کوئی Noun موجود نہیں ہوگا۔ مثلاً

Mine, Ours, Yours, hers, theirs etc.

iii)Objective Case:

وہ Pronouns جو Object کے طور پر جملے میں آجائے، Objective pronoun کہا جاتا ہے۔

Examples:

- He fooled me.
- Bilal told him to come.
- Your friend lied you.

Subjective Pronoun	Possessive Pronoun	Objective Pronoun
I میں	My/Mine میرا	Me مجھے
We ہم	Our/Ours ہمارا	Us ہمیں
You تم/آپ	Your/Yours آپ کا/تمھارا	You تم کو/آپ کو
He وہ (مزکر،واحد)	His اُسکا	Him اُسکو/اُسے
She وہ (مونث،واحد)	Her/Hers اُسکا	Her اُسے/اُس کو
It یہ(واحد)	Its اِسکا	It اِسکو/اِسے
They وہ(جمع)	Their/Theirs اُن کا	Them اُن کو/اُنہیں

Demonstrative Pronoun (ضمیر اشارہ)

وہ اسم ضمیر جو کسی چیز کی طرف اشارہ کرے، ضمیر اشارہ کہا جاتا ہے۔

The pronoun which is used to demonstrates or indicate something is called demonstrative pronoun.

Examples:

- This Chair
- That Pen
- Those Boys
- Such book

یہ Pronouns کسی چیز کی طرف یوں اشارہ کرنے کیلئے استعمال ہوتے ہیں جیسے کوئی چیز ہمارے سامنے ہو۔ ہم اُس کی طرف یوں کہہ کر انگلی سے اشارہ کریں that Boy
this Book, this chair.

Reflexive Pronoun(ضمیر المعکوس)

جو Subject پر واپس کر دے، اور یہ کہ Subject اور Object جملے میں ایک ہو، یعنی کام کرنے والا خود پر کام کرتا ہے۔

وہ Pronoun کسی کام کا ہونا

The pronoun which turns the action upon the subject so as the subject and the object of the sentence are the same.

Examples:

- "He" hurt "himself". (یعنی اُس نے خود کو زخمی کیا)
- You(Subject) will kill Yourself (Objective) with this shot.

Relative Pronoun (ضمیر موصولہ)

وہ اسم ضمیر جو Subordinate Clause کو Main Clause سے جوڑدے اور تعلق ظاہر کریں۔

The pronoun which connects a subordinate clause to the main clause and implies a relationship.

Examples:

As, Such, That , Which , Who, Whose, Whom etc.

- You are the man "Who" broke my chair.
- I am talking about a boy "Whose" brother killed him.
- I saw the dog "Which" you were talking about.
- I said "which" you could not remember for long.

Interrogative Pronoun (ضمیر استفہامیہ)

وہ Pronoun جو سوال کرنے کیلئے استعمال ہوں، Interrogative Pronoun کہلاتا ہے۔

The pronouns which are used to ask question is called Interrogative Pronoun. Eg. Who, Which, What, Whose, Whom, Why, Where, When

Examples:

- "Who" knocked at the door?
- "Which" dog is better.
- "Where" are you going?

Emphatic pronoun (ضمیر تاکیدی)

وہ Pronoun جو Subject پر زور دے، (ضمیر تاکیدی) Emphatic pronoun کہا جاتا ہے۔

The pronoun which emphasizes the preceding subject is called Emphatic Pronoun.

Examples:

- I "myself" wrote the book.
- Salma "herself" washed the dishes.
- You "yourself" broke the chair.

Distributive Pronoun (ضمیر تقسیمی)

وہ Pronoun جو تقسیم کو ظاہر کرے، (ضمیر تقسیمی) Distributive Pronoun کہلاتا ہے۔

The pronoun which is used to denote distribution is called distributive pronoun.
Eg. Either, neither, every, each, none

Examples:
- "None" of them attended the meeting.
- "Neither" of the two girls laughed at me.
- "Every" man wants to succeed.

Indefinite Pronoun (ضمیر تنکیری)

وہ Pronoun جو کسی غیر مخصوص چیزوں یا اشخاص کا حوالہ دیتا ہے، ضمیر تنکیری کہا جاتا ہے۔

The pronoun which is used to refer to unspecified objects or persons is called Indefinite Pronoun.
Eg. Many, all, anyone, anybody , someone, somebody, one, much, each, every, all.

Examples:
- "One" shows one 's identity.
- "Everybody" cheered.
- "Nobody" laughed.
- "Someone" entered into the hall.

Reciprocal Pronoun (ضمیر تفاعلی)

جو باہمی طور پر ایک دوسرے سے جڑے ہوئے / متاثر اشخاص یا (ضمیر تفاعلی) Reciprocal Pronoun کہلاتا ہے۔

وہ Pronoun چیزوں کی نشاندہی کرے،

The pronoun which is used to indicate mutually affected persons or things is called Reciprocal Pronoun.

Eg. One another (دو سے زیادہ) , Each other (دو بندے)

Examples:
- They love "each other"
- People help "one another".

Some rules for correct use of Pronoun:

1) کسی جملے میں اگر ایک سے زیادہ Pronoun استعمال ہوں تو ترتیب مندرجہ ذیل ہو گی۔

i) اچھے کاموں کے لئے یہ ترتیب ہے۔
2nd Person > 3rd Person > 1st Person

Example:

You, He/She/They and I work hard.

ii) بُرے کاموں کے لئے Pronouns کی ترتیب یوں ہو گی۔
1st Person > 3rd Person > 2nd Person

Example:

I, He/She/They and You deviated the law.

2) اگر کسی جملے میں ایک سے زیادہ Pronouns استعمال ہوں، تو ان کے لئے Possessive Pronoun کچھ اس طریقے سے آئے گا۔

i) اگر I , We ہو تو Possessive Pronoun "Our" استعمال ہو گا۔

ii) اگر You ہو تو Possessive Pronoun "Your" استعمال ہو گا۔

iii) نہ اگر I ہو، نہ You ہو، نہ We ہو، تو پھر Possessive Pronoun "Their" استعمال ہو گا۔

Examples:
- You and I are trying our best.
- You and he must perform your duty.
- He and She have taken their classes.

3) جیسا کہ ہم نے ذکر کیا تھا کہ اگر "Neither, Each, Every, Anyone, Anybody, Either" اگر Subject کے طور پر آ جائیں، تو اس جملے میں Helping verb اور Verb واحد استعمال ہوں گے، اسی طرح ان کے ساتھ Pronoun بھی واحد استعمال ہو گا۔

Examples:
- Either of two friends will take his meal.
- Neither of the two girls completed her work.

4) Neither اور Either کو دو میں سے ہر ایک کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں جبکہ None اور Any کو دو سے زیادہ کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔

Examples:
- "Either" of the two boys.
- "Neither" of the two boys.
- "Anyone" of the fifty students.
- "None" of the ten boys.

5) Each other اور Between دو کے درمیان، جبکہ Among اور one another دو سے زیادہ کے درمیان کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

Examples:
- Between "two" friends.
- Both the friends helped "each other".

- People hate "one another.
- Distribute sweets among "thousand" pupils.

6) "Which" بے جان چیزوں، پرندوں اور جانوروں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جبکہ That کو جاندار اور بے جان دونوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

Example:

I caught an eagle "Which" flew high in the air.

لیکن That, Relative Pronoun کے طور پر مندرجہ ذیل صورتوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

i) Superlative degree کے بعد "That" استعمال ہوتا ہے۔

Example:

He is the "wisest" man that taught you.

ii) Numeral Adjective کے بعد "That" استعمال ہوتا ہے۔

Example:

The 2nd girl that is dancing is my fiancee.

iii) Indefinite Pronouns کے بعد "That" استعمال ہوتا ہے۔

Examples:

- All "that" glitters is not gold.
- The same man "that" brings postal orders.
- The only student "that" can take first position.
- Anything "that" she likes.

iv) کسی جملے میں اگر انسان، بے جان چیزیں اور جانور اکٹھے استعمال ہوں، تو That کا استعمال کیا جاتا ہے۔

Examples:

- The man and the dog "that" ran enough reached the river.
- The boatman and the boat "that" floated on the water embanked.

7) Relative Pronouns (Who, that , which) کے بعد Verb اور Pronoun ہمیشہ Relative Pronoun اس سے پہلے Subject کے مطابق استعمال کئے جاتے ہیں۔

Examples:

- It is "I who am" to declare.
- "he who sleeps" loses.
- It is "She who has" confessed her will.

8) Relative clause کے بعد Subject دوسری بار استعمال نہیں ہوتا۔

Examples:

He who works hard, succeeds. (ٹھیک ہے)

He who works hard, he succeeds. (غلط ہے)

9)مندرجہ ذیل Nouns مذکر استعمال ہوتے ہیں، اُن کے بعد Pronoun بھی مذکر استعمال ہوتے ہیں۔

Examples:

- Sun > His bright face
- Time > His victims
- War > His traumas
- Winter > His shawl
- Day > His bright light
- Mountain > His mighty range

10)مندرجہ ذیل Nouns مونث ہیں اور اُن کے بعد Pronouns بھی مونث استعمال ہوتے ہیں۔

Examples:

Spring, Earth, Moon, Liberty, Virtue, Hope, Beauty, Peace, Religion, Spring, Country, Victory

11)Relative Pronoun کے طور پر "as" کو مندرجہ ذیل طریقے سے استعمال کیا جاتا ہے۔

i)جب such آجائے تو such کے بعد who , that, which کی بجائے "as" لگایا جاتا ہے۔

Example:

That is not the same shirt "as" is hers. (ٹھیک ہے)

That is not the same shirt that is hers. (غلط ہے)

لیکن اگر Strong verb ہو تو پھر That لگایا جاتا ہے، نہ کہ As.

Example:

That is the same dog "that" I saw.

12)مندرجہ ذیل Verbs کیساتھ Reflexive Pronouns نہیں لگائے جاتے۔

Hide , Keep , Qualify , Feed , Make

Examples:

He qualified "himself" as an engineer. (غلط ہے)

He qualified as an engineer. (ٹھیک ہے)

ADJECTIVE (اسم صفت)

Noun یا Pronoun کے معنی کو وسعت دینے والا لفظ Adjective کہلاتا ہے۔

یعنی وہ لفظ جو Pronoun یا Noun کی وضاحت کریں۔ Adjective کہلاتا ہے۔

A word which adds into the meaning of noun or pronoun is called adjective.

Kinds of Adjective

There are nine kinds of Adjective.

1) Adjective of Quality. (صفت ذاتی)
2) Adjective of Quantity. (صفت مقداری)
3) Adjective of Number. (صفت عددی)
4) Demonstrative Adjective. (صفت اشاری)
5) Interrogative Adjective. (صفت استفہام)
6) Possessive Adjective. (صفت ملکیتی)
7) Distributive Adjective. (صفت تقسیمی)
8) Emphatic Adjective. (صفت تاکیری)
9) Articles. (حروف تنکیر)

Adjective of Quality. (صفت ذاتی)

وہ Adjective جو کسی شخص یا چیز کی خاصیت، قسم یا کیفیت ظاہر کریں۔ صفت ذاتی کہلاتا ہے۔

An adjective which shows the kind, quality or condition of a person or thing is called Adjective of Quality.

Examples:

- A "tall" man
- A "beautiful" girl
- A "good" boy
- A "small" garden

Adjective of Quantity. (صفت مقداری)

وہ اسم صفت/Adjective جو کسی چیز کی مقدار کو واضح/ظاہر کریں۔(صفت مقداری) Adjective of Quantity. کہلاتا ہے۔

An adjective which means how much is called Adjective of Quantity.

Examples:

- "Some" sugar
- "A little" wine
- "Much" work
- The "whole" discussion

Adjective of Quantity کسی چیز کی مقدار کو ظاہر کرتا ہے۔یعنی جو چیز شمار میں نہیں آتی، اُس کو پیمانہ دیتا ہے۔ یعنی پانی ہم نہیں گن سکتے۔نہ ہم خوراک گن سکتے ہیں۔

Adjective of Number. (صفت عددی)

وہ Adjective جو کسی چیز کی تعداد (how many) ظاہر کریں۔

An adjective which shows how many things or persons are meant, is called Adjective of number.

Examples:

- "Many" boys
- "Third" row
- "2nd" Attempt
- A "few" students
- "All" the people
- "Ten" days.

etc.

Demonstrative Adjective (صفت اشاری)

وہ Adjective جو کسی شخص یا چیز کی نشاندہی کرے۔

An adjective which demonstrates person or thing is called Demonstrative adjective.

Examples:

- "This" boy
- "That" baby
- "These" books
- "Such" watches
- "Those" rings

جیسا کہ ہم نے واضح کیا ہے کہ Adjective کسی Noun یا Pronoun کی معنی میں اضافہ کرتا ہے۔یہاں ہم Boy کی بات کرتے ہیں۔Boy, (اسم)Noun ہے۔کونسا Boy؟ "This" boy ہم نے لڑکے کی طرف اشارہ کرکے کہا کہ "یہ لڑکا"۔یعنی لڑکا اسم ہے اور اس کی مزید وضاحت This کرتا ہے۔ اور یوں "This" Demonstrative Adjective ہے۔

Interrogative Adjective (صفت استفہام)

وہ Adjective جو سوال پوچھنے کے لئے استعمال ہو، Interrogative Adjective کہلاتا ہے۔

The Adjective which is used to ask question is called Interrogative adjective.

Examples:

- "Which" thing will work?
- "What" dress is it?
- "Whose" pen is this?

Possessive Adjective (صفت ملکیتی)

وہ Adjective جو کسی شخص یا چیز کی ملکیت ظاہر کریں، Possessive Adjective کہلاتا ہے۔

The Adjective which shows possession of a person or thing is called Possessive adjective.

Examples:

- "My" book
- "Her" dress
- "Your" school
- "Their" village

Distributive Adjective (صفت تقسیمی)

وہ Adjective جو تقسیم کو ظاہر کریں۔ Distributive Adjective کہلاتا ہے۔

یہ Adjective ہر ایک کی طرف اشارہ کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

The adjective which shows division or distribution is called Distributive Adjective.They show each one of a number.

Examples:

- "Each" girl (ہر ایک لڑکی)
- "Every" man (ہر آدمی)
- "Neither" boy (دونوں میں کوئی ایک لڑکا نہیں)
- "Either" woman (دونوں میں کوئی بھی ایک عورت)

Emphatic Adjective (صفت تاکیری)

وہ Adjective جو کسی Noun پر زور دینے کے لئے استعمال ہو۔ Emphatic Adjective کہلاتا ہے۔

The adjective which is used to emphasize the noun is called Emphatic adjective.

Examples:

- You should mind your "own" business.
- This was the "same" problem as was mine.

The Article (حروف تنکیر)

استعمال کے اعتبار سے Articles کسی بھی Adjective کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔

Examples:

- "An" eagle
- "A" boy
- "The" writer 's club

DEGREES OF ADJECTIVE

There are three degrees of Adjective.

i) **Positive Degree**
ii) **Comparative Degree**
iii) **Superlative degree**

Positive degree:

Positive degree کسی شخص، چیز یا جگہ کی عام خصوصیت بیان کرتی ہے۔

Examples:

- He is a "handsome" boy.
- The "cold" ice froze.
- The "large" city was destroyed.
- The "white" dog barked at me.

Comparative Degree:

Comparative degree ہمیشہ موازنہ/مقابلہ کرنے کے لئے استعمال ہوتی ہے، جب دو چیزوں کا موازنہ ہو، تب ہم یہ استعمال کرتے ہیں۔

Examples:

- He is "more attractive" than his friend.
- She is "stronger" than Salma.
- This woman is "larger" than her husband.

پہلے جملے میں He اور friend کا موازنہ than کے ذریعے کیا گیا اور ہم نے attractive کے ساتھ more استعمال کیا۔

دوسرے جملے میں ہم نے لفظ "Strong" نہیں کہا بلکہ "Stronger" کہا کیوں کہ "Strong" موازنہ کے لئے استعمال نہیں ہو سکتا بلکہ "Stronger" موازنہ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

Superlative Degree:

Superlative degree کسی چیز یا شخص یا جگہ کی سب سے اعلیٰ خاصیت کو بیان کرتی ہے، لیکن جب دوسری چیزیں یا اشخاص یا جگہیں اُسی نوع/قسم کے ہوں۔

Superlative degree سے پہلے The لگایا جاتا ہے۔

Examples:

- He is "the strongest" of all the men. یعنی وہ مضبوط آدمیوں میں سب سے زیادہ مظبوط ہے۔
- She is "the most beautiful" girl. یعنی وہ تمام لڑکیوں میں سب سے زیادہ خوبصورت لڑکی ہے۔

Some rules for correct use of adjective;

i) عام طور پر Adjective اُس Noun سے پہلے آتا ہے جس کی وہ وضاحت کرتا ہے۔

Examples:

- My book
- Good boy
- Which girl

ii) بعض Adjectives of quality جملے میں verb کے بعد بھی آتے ہیں۔

Examples:

- He seems happy.
- He became rich.
- He felt dizzy.
- He grew old.
- She got nervous.
- I made her happy.

ایسے Adjectives کو Predictive adjective کہلاتے ہیں۔

اور جو Adjective, Noun سے پہلے آتے ہیں وہ Attributive Adjective کہلاتے ہیں۔

iii) Double Comparative Degree بھی استعمال نہیں ہوتی۔ مثلاً

She is more stronger than her sister. (غلط ہے)

پہلے Comparative degree ہے اور More بھی Comparative degree ہے۔ اسلئے ہم یوں کہہ سکتے ہیں۔

کیونکہ Stronger سے

She is Stronger than her sister.

iv) اسی طرح Double Superlative بھی استعمال نہیں ہوتے۔ مثلاً

She is the most strongest girl of her village. (غلط ہے)

کیوں کہ Most بھی superlative ڈگری ہے اور Strongest بھی Superlative ڈگری ہے۔

ہم یہ جملہ ٹھیک اس طرح لکھ سکتے ہیں۔

She is the strongest of all the girls.

v) اگر کسی ایک Noun کے لئے دو یا دو سے زیادہ Adjectives استعمال ہوں تو تمام Adjectives کی ایک ڈگری استعمال ہو گی۔

اور The سب سے پہلے والے Adjective کے ساتھ استعمال ہو گا۔ مثلاً

They are wise, more honest, the most intelligent and the strongest people of the world. (غلط ہے)

کیوں کہ Wise عام یعنی Positive ڈگری ہے، More honest موازنہ والی یعنی Comparative Degree ہے۔ اور The most intelligent, Superlative degree ہے۔ اور The آخری دونوں کے ساتھ استعمال ہوا ہے۔ جو کہ غلط ہے۔

ہم یہ جملہ یوں لکھ سکتے ہیں۔

They are the wisest, most honest, most intelligent and strongest people of the world.

vi) بعض Predictive Adjective کے طور پر استعمال کئے جاتے ہیں۔ یعنی Verb کے بعد بھی آتے ہیں۔

اور بعض Attributive Adjectives کے طور پر بھی استعمال ہوتے ہیں۔ یعنی Noun سے پہلے استعمال ہوتے ہیں۔

اگر ہم اُن کی ترتیب بدل دے تو معنٰی بدلتا ہے۔ مثلاً

He is a small businessman.

یہاں small اپنے noun یعنی businessman سے پہلے آیا ہے اور اسے Attributive Adjective کہتے ہیں۔

یہاں Small کا معنٰی ہے چھوٹا سا کاروبار چلانے والا۔ لیکن اگر ہم اس کی ترتیب بدل لیتے ہیں، معنٰی بھی بدلے گا۔ جیسے

The business man is small.

اس جملے میں Small کا مطلب قد یا وجود کے لحاظ سے "چھوٹا" ہے۔ اسی طرح اور ایسے Adjective ہیں جو Predictive کے طور پر کچھ اور معنی دیتے ہیں اور Attributive کے طور پر کچھ اور معنی دیتے ہیں۔ جیسے

Big eater, heavy smoker, light sleeper, good swimmer, bad master, early birds etc.

e.g., The early bird catches the fish.

The bird is early this morning.

The early bird کا مطلب ہے تیز اُڑنے والا پرندہ۔ جبکہ The bird is early کا مطلب ہے "اپنے وقت سے پہلے اُڑنے والا پرندہ۔

vii) عام طور پر موازنہ کرنے کے لئے ہم Than کا استعمال کرتے ہیں لیکن بعض Adjectives کے ساتھ than کی بجائے To آتا ہے۔ جیسے

Preferable, prefer, senior, junior, superior, inferior etc.

اور مزید یہ کہ ان adjectives کی Comparative degree اور Superlative Degree نہیں ہوتی اور نہ ان سے پہلے most یا more لگایا جاتا ہے۔ جیسے

I prefer pen to sword.

He is preferable to me.

She is junior to me.

viii) موازنہ اگر دو اشخاص کا ہو تو ہم him یا her than لگاتے ہیں۔ لیکن اگر ان کی کسی چیز کا موازنہ ہو تو پھر ہم than کے بعد That of استعمال کرتے ہیں۔

That of کا معنی ہے "وہ والا" یا "اُس والے"۔ اور پھر Possessive لگاتے ہیں۔

Her shirt is better than that of mine.

یعنی اس کی قمیص میری والی قمیص سے بہتر ہے۔ لیکن اگر ہم اس کی بجائے یوں لکھ لیں کہ

Her shirt is better than me.

تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اُس کا قمیص مجھ سے اچھی ہے۔

ix) بعض Adjective اپنے اپ میں معیار یا شکل یا ساخت وغیرہ میں مکمل ہوتے ہیں۔ وہ اپنے حد میں مزید آگے نہیں بڑھتے کیوں کہ وہ اپنے آپ میں Fixed ہوتے ہیں۔

جیسے

Round, Oval, rectangular, ideal, unique, complete, perfect, universal etc.

Examples:

- He is more perfect teacher. (غلط ہے)
- He is a perfect teacher. بلکہ یہ ہم ایسے کہہ سکتے ہیں۔

x) Elder خونی رشتے میں بڑے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ اور جب ہم elder استعمال کرتے ہیں تو Than لگانے کی کوئی ضرورت نہیں کیوں کہ elder خونی رشتے میں بڑا ہے اور سے مراد eldest اسکی Superlative degree ہے۔

جبکہ Older اور Oldest عام طور پر عمر میں زیادہ ہونے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ضروری نہیں کہ Older اور Oldest صرف انسانوں کے لئے استعمال ہوں۔

xi) Any اور some میں Any منفی جملوں کے لئے استعمال ہوتا ہے جبکہ some, Positive جملوں میں استعمال ہوتا ہے۔

جیسا کہ Some کا معنی کوئی (کوئی بھی) ہے۔ اور some کا معنی ہے کوئی جو کہ مثبت جملوں میں استعمال ہوتا ہے۔

Examples:

- He did not write any book.
- He asked for some help.

کیوں کہ any، negative sense دیتا ہے جبکہ Some مثبت تاثر دیتا ہے۔

xii) ایک Vowel (اَ،اِ،اُ،اے،آ،ای،او) اور ایک یا ایک سے زیادہ consonants جب ایک آواز پیدا کریں، اُسے syllable کہا جاتا ہے۔ مثلاً

"con" میں ایک vowel (o) ہے اور دو Consonants (c,n) ہے۔ ان تین کی ملاپ سے ایک آواز بنتی ہے جسے syllable کہا جاتا ہے۔

یا "co" میں ایک consonant,(c) اور ایک Vowel,(o) ہے، پس یہ ایک Syllable کہلاتا ہے۔

وہ Adjective جو ایک syllable پر مشتمل ہو، اسکی Comparative اور Superlative ڈگری "er" اور "est" سے بنتی ہے۔

مثلاً "Bright" میں ایک Vowel ہے، جسکا مطلب یہ ہوا کہ Bright ایک Syllable والا لفظ ہے اور اس کی comparative degree, "brighter" ہوگی۔

اور اس کی Superlative degree، "Brightest" ہوگی۔

xiii) وہ adjectives، جو دو Syllables پر مشتمل ہو، اُن کی comparative degree اور superlative، "est" اور "er" کا اضافہ کرنے سے بنتی ہے۔

لیکن اگر دو syllable والے Adjectives

آخر میں "ful" یا "re" آئے تو پھر اُن کی Comparative degree "more" کا اضافہ کرنے سے بنے گی۔

Example:

Positive Degree	Comparative degree	Superlative degree
Clever (2-Syllables)	Cleverer	Cleverest
Doubtful	More doubtful	Most doubtful
Obscure	more obscure	most obscure

xiv) دو Syllable والے Adjectives جن کے آخری حروف 'er'، "y" یا "ly" ہو، ان کی Comparative اور Superlative degree

"er" اور "est" سے بنتی ہے۔ مثلاً

Example:

Positive Degree	Comparative Degree	Superlative Degree
Clever	Cleverer	Cleverest
Pretty	Prettier	Prettiest
Lovely	Lovelier	Loveliest
Silly	Sillier	Silliest

(xv وہ Adjectives جو تین Syllables پر مشتمل ہوں، اُن کی Comparative اور Superlative degree بھی "more" اور "most" لگا کر بنتی ہے۔ جیسے

Example:

Positive Degree	Comparative Degree	Superlative Degree
Interesting	More interesting	Most interesting
Frightening	More frightening	Most frightening

(xvi "less" اور "Much" کو مقدار کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جبکہ "Many" اور "fewer" کو تعداد ظاہر کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً

I asked "fewer" than twenty students.
"Many" pupils answered the question.
"Much" sugar was added to the tea.
"Less" than one Kilogram sugar was added.

Order of Adjectives of quality:

Adjectives مختلف طریقوں سے ترتیب میں لائے جاسکتے ہیں مگر قابل قبول طریقہ ترتیب یہ ہے۔

a) Size (little کے علاوہ)
b) What you think (general description) Adjectives of personality ماسوائے
c) Age
d) Shape
e) Colour
f) Material
g) Origin
h) Purpose (Skating shoes, riding boots, walking stich)

VERB (فعل)

"Verb" کسی عمل، مصروفیت یا حالت کو ظاہر کرتا ہے۔

Verb is a word which shows action, activity or state.

Kinds of Verb:

There are three kinds of verb.
1) Transitive Verb
2) Intransitive verb
3) Auxilary verb

Transitive verb:

وہ verb جسے کام (عمل) مکمل کرنے کیلئے Object کی ضرورت ہو یعنی کام کرنے والا بھی جملے میں ہو اور مفعول (جس پر کام کیا جائے) بھی جملے میں ہو۔

The verb which needs an object to complete an action is called transitive verb.

Examples:

- I write letter
(Subj) (verb) (Obj)
- He wrote book.

Intransitive verb:

وہ Verb جسے کام مکمل کرنے کے لئے مفعول کی ضرورت نہ ہو۔

The verb which needs not any object for the completion of an action.

Examples:

- He "died".
- She is "crying".
- You "weep".

ان Verbs کے ساتھ Object لگانے کی کوئی ضرورت نہیں۔

Auxilary Verb or Helping verb:

Helping Verbs کا یہ Function ہوتا ہے کہ کوئی کام کب ہوا۔ اس سے ہمیں زمانے کے بارے میں مکمل طور پر معلوم ہوتا ہے کہ:

کوئی کام کب ہوا / کب ہوتا ہے / کب ہو گا؟

Helping کا معنی ہے مدد۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے کہ Verb یعنی کام کرنے کی مفہوم کو Helping verb واضح کرتا ہے۔

Auxilary verbs/auxiliary modals/Modal Auxilaries بھی verb کے معنی یا مفہوم کو واضح کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

Is, am, are, has, have, do, does, have been, has been, had been, will, shall, should, can, could, May, might, must, had to, used to, would, ought to etc.

Some rules for correct use of verb:

i) جب دو Clauses کو That کیساتھ ملایا جاتا ہے، تو That سے پہلے والا clause اگر Past tense میں ہو تو That کے بعد والا Clause بھی Past tense میں ہو گا۔ مثلاً

She was weak that she could not walk.
I was so busy that I could not write anything.

ii) جب دو Clauses کو Than یا As سے ملایا جائے، تو ضروری نہیں کہ Than یا As سے پہلے اور بعد میں ایک ہی tense کا استعمال ہو۔ مثلاً

She was as beautiful as is her sister.
He is more competent than I was.

iii) اسی طرح Indirect narration میں اگر Reporting speech، Past Tense میں ہو اور درمیان میں That آ جائے تو Reported Speech بھی Past Tense میں آئے گا۔ مثلاً

He said, "I am ill".
He said that he was ill.

iv) Conditional sentences میں Past simple tense دو بار آ سکتا ہے، لیکن Future Tense میں دو بار استعمال نہیں ہوتا۔ مثلاً

I call you and you respond.
Present Simple Present Simple.

یا

I kick you and you will fall.
Present Simple Future Indefinite(simple)

v) اگر کسی جملے میں Double action ہوں، یعنی دو Verbs ہوں، اور جملہ Past Tense میں ہو، تو ایک کو Perfect Tense میں لکھنا چاہئے اور دوسرے کو Past Simple Tense میں لکھنا چاہیئے۔ مثلاً

He had left for London before I reached the airport.
(Past Perfect) (Past Simple)

vi) سادہ جملے میں اگر Adverb یا Conjunction ہو، تو پھر Past Perfect میں لکھا جا سکتا ہے۔ مثلاً

He had never come before.

vii) وہ جملے جو Past Tense میں ہو، اور اُن میں yesterday یا Ago یا Last night/day کا زکر آ جائے، تو وہ Past Indefinite میں لکھے جا سکتے ہیں۔ مثلاً

He went to Lahore last night.
She asked for ice-cream yesterday.
He died last year. Etc.

viii) وہ جملے جن میں Yet, never, before, just now, already کا استعمال کیا گیا ہو، تو وہ جملے Past Indefinite میں نہیں لکھنے چاہیئے بلکہ ان کیلئے موزوں Present Perfect Tense ہے۔ کیوں کہ ایسے جملے ماضی کا اظہار کرنے کے لئے استعمال نہیں ہوتے بلکہ موجودہ زمانے میں کام کی تکمیل کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

Examples:

- He has never spoken any nonsense language.

- I have just arrived.
- I have phoned him just once.

کیوں کہ Adverbs عام طور پر Perfect tenses کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔

ix) اگر جملے میں "As if" یا "As though" آئے تو "is, are, am" کی بجائے "were" استعمال کیا جائے گا۔

"As if" کا مطلب ہے "گویا کہ" اور "were" کا مطلب ہے "ہو"۔

Examples:

- He speaks as if he were minister. وہ ایسے بولتا ہے جیسے وہ وزیر ہو۔
- He stumbles as though he were blind. وہ ایسے ٹھوکر کھاتا ہے جیسے وہ آندھا ہو۔

x) Describe, regard, Portray, represent, depict, define, mention کے ساتھ "as" کا استعمال کیا جاتا ہے۔

Examples:

- She defines love as an understanding.
- He portrays life as a dreaming reality.

xi) کسی جملے میں اگر Preposition آجائے تو اسکے پھر Verb + ing (یعنی Gerund) استعمال کیا جائے گا اور اگر Verb + ing آئے تو اس سے پہلے کوئی Preposition استعمال کیا جائے گا۔ لیکن اگر Gerund یعنی Verb+ing نہ آئے تو پھر Verb 1st form سے پہلے to (Infinitive) لگایا جائے گا، لیکن "ing" کیلئے کسی مقصد کا بیان ہونا ضروری ہے۔

Examples:

- He encouraged me to write book.
- He went to bazar to publish a book.
- He persisted in writing a book.

Gerund (Verb 1st form+ing) اور infinitive (to) میں فرق یہ ہے جب Gerund استعمال ہوتا ہے تو اسکا مطلب یہ ہوتا ہے۔

کہ عموماً کوئی کام ویسا ہوتا ہے جو بیان کیا جاتا ہے۔ مثلاً

He found writing hard. اسکا مطلب یہ ہوا کہ اُس کے لئے عموماً لکھنا مشکل ہے۔

جبکہ He found it hard to write. کا مطلب یہ ہے کہ کسی خاص موقع پر اس کیلئے لکھنا مشکل ثابت ہوا۔

یعنی infinitive (to) جب لگایا جاتا ہے تو خاص وقت / موقع کی بات ہوتی ہے۔

xii) Gerund سے پہلے اگر noun یا Pronoun آجائے، تو Possessive case استعمال کرنا چاہیئے۔

Examples:

- He loved my writing.
- She dislikes his telling lie.

(xiii) مندرجہ ذیل Verbs، Continuous tense یا Perfect Continuous میں استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔

